ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (308)

03.06.23

**بہاولپور(     )پولیس کی جانب سے سمارٹ پولیسنگ کے ذریعے مشکوک اشخاص و گاڑیوں کی چیکنگ کا سلسلہ جاری، ماہ مئی 2023 میں بہاولپور پولیس نے 432 مجرمان اشتہاری اور 67 عدالتی مفرور گرفتار۔جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے جرائم پیشہ افراد کا تعاقب کیا جا کر انکو کیفر کردار تک پہنچانے کا سلسلہ جاری ہے۔ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیل کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے جدید ٹیکنالوجی پر زور دیا۔اسی سلسلے میں جرائم پیشہ افراد کی سرکوبی کا سلسلہ جاری ہے۔ماہ مئی 2023 میں بہاولپور پولیس نے سمارٹ پولیسنگ کے ذریعے چیکنگ کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے، جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفروران کی گرفتاریوں کا سلسلہ جاری ہے۔مجرمان اشتہاری کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے A کیٹگری کے 25 مجرمان اشتہاری اور B کیٹگری کے 407 مجرمان اشتہاری سمیت کل 432 مجرمان اشتہاریوں کو گرفتار کیا گیا۔اسی طرح عدالتی مفروران کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے A کیٹگری کا 01 جبکہ B کیٹگری کے 66 عدالتی مفروران سمیت کل 67 کی گرفتاری عمل میں لائی گئی۔اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے پولیس افسران کو ہدایات جاری کیں کہ روزانہ کی بنیاد پر ایسی کارروائیوں کو مزید تیز کیا جائے، جدید تکنیکی استعارات کا استعمال جرم کو ہونے سے پہلے روک سکتا ہے۔جرائم پیشہ افراد کی نقل و حرکت کو مانیٹر کیا جا کر انکو انجام تک پہنچایا جائے جس کے وہ مستحق ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ فیلڈ میں تعینات افسران کی کارکردگی کا جائزہ ان کی طرف سے مجرموں کے گرفتاریوں اور عوام الناس کو دیئے گئے ریلیف سے لگایا جاتا ہے جس کی پیش نظر بہترین کارکردگی دکھانے والے افسران کو انعامات جبکہ ناقص کارکردگی پر سخت احتساب کے عمل سے گزرنا پڑے گا۔

ترجمان بہاولپور پولیس




بہاولپور: ماہ مئی 2023 میں سمارٹ پولیسنگ کے ذریعے گرفتار کئے گئے مجرمان اشتہاری و عدالتی مفرور